ابو محمد کنیت رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1884

تاریخ اجراء: 22 محرم الحرام 1445ھ / 10 اگست 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ابو محمد کنیت رکھنا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ابو محمد کنیت رکھنا جائز ہے، شریعتِ مطہرہ میں اس کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔

اللہ عزوجل کے نبی حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی کنیت ابو محمد ہے۔(فتاوی رضویہ، ج30، ص194، رضافاؤنڈیشن لاہور)

اور متعدد صحابہ ٴ کرام وبزرگانِ دین کی کنیت ابو محمد ہے۔ چنانچہ

صاحبِ صحیح مسلم، امام مسلم بن حجاج القشیری علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب: "الکنی والاسماء" کے باب ابو محمد، میں تقریبا پونے دو سوان صحابہ و تابعین وبزرگان دین کے نام ذکر کیے ہیں، جن کی کنیت ابو محمد ہے، جن میں سے چند صحابہ کے نام یہ ہیں:

☆ حضرت طلحہ بن عبید اللہ ☆ حضرت عبد الرحمن بن عوف ☆ حضرت حسن بن علي ☆ حضرت جبیر بن مطعم ☆ حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص ☆ حضرت عبد اللہ بن أبي أوفي ☆ حضرت عبد اللہ بن زید الانصاری ☆ حضرت عبد الرحمن بن أبي بکر الصدیق۔(رضوان اللہ علیھم اجمعین) ان سب صحابہ کی کنیت ابو محمد ہے۔

ان میں سے چند مشہور تابعین کے نام یہ ہیں: ☆ حضرت سعید بن مسیب ☆ حضرت عبد الرحمن بن الحارث بن هشام المخزومي ☆ حضرت عطا بن أبي رباح ☆ حضرت عطاء بن یسار ☆ حضرت عمرو بن دینار المکي ☆ حضرت نافع بن جبیر بن مطعم (رضی اللہ تعالی عنھم) ان سب تابعین کی کنیت ابو محمد ہے۔(ماخوز از الکنی والاسماء، حرف المیم، باب ابو محمد ج2، ص717 تا 724، مطبوعہ: بیروت)

اسی طرح حضور سیدنا و مرشدنا عبد القادر الجیلانی رضی اللہ تعالی عنہ کی کنیت بھی ابو محمد ہے۔(فتاوی رضویہ، ج10، ص179، رضافاؤنڈیشن، لاہور، غوثِ پاک کے حالات، ص15، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net